# غزل

آئینہ اپنی نظر سے نہ جدا ہونے دو
کوئی دم اور بھی آپس میں ذرا ہونے دو

کم نگاہی میں اشارا ہے، اشارے میں حیا
یا نہ ہونے دو مجھے چین سے یا ہونے دو

ہم بھی دیکھیں، تو کہاں تک نہ توجہ ہوگی
کوئی دن تذکرۂ اہلِ وفا ہونے دو

آنکھ ملتے ہی کہوں خاک حقیقت دل کی
دیکھ کر جلوہ مرے ہوش بجا ہونے دو

تم دل آزار بنے رشکِ مسیحا کیسے
کم نہ ہونے دو مرا درد سوا ہونے دو

کیا نہ آئے گا اسے خوف مرے قتل کے بعد
دستِ قاتل کو ذرا دستِ دُعا ہونے دو

جب سنا داغؔ کوئی دم میں فنا ہوتا ہے
اس ستمگر نے اشارے سے کہا: ہونے دو

(کلیاتِ داغ)



# مشق

۱۔ موزوں الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(ا) آئینہ اپنی ............ سے نہ جدا ہونے دو (نظر۔ جگر۔ اثر۔ سفر)

(ب) ............ ملتے ہی کہوں خاک حقیقت دل کی (بال۔ ہاتھ۔ آنکھ۔ ناک)

(ج) جب سنا ............ کوئی دم میں فنا ہوا ہے۔ (میر۔ درد۔ ذوق۔ داغ)

(د) تم دل ............ بنے رشک مسیحا کیسے (آرام۔ آزار۔ آویز۔ افروز)

(ہ) اس ستمگر نے ............ سے کہا ہونے دو۔ (اشارے۔ شرارے۔ ستارے۔ نظارے)

۲۔ داغؔ دہلوی کی غزل کا مطلع تحریر کر کے اس کا مفہوم واضح کریں۔

۳۔ داغؔ نے غزل کے مقطع میں محبوب کی نفسیات کی کون سی تصویر پیش کی ہے۔

۴۔ مندرجہ ذیل الفاظ وتراکیب کو جملوں میں استعمال کریں۔

کم نگاہی، حیا، رشکِ مسیحا، دستِ دعا، اہلِ وفا، فنا۔

۵۔ داغؔ کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیں۔

**ہدایات برائے اساتذہ:**

داغ دہلوی علامہ اقبالؒ کی شاعری کے اُستاد تھے۔ آپ طلبہ کو تفصیل سے آگاہ کریں۔

# فرہنگ

## اپنی مدد آپ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| پُشتوں | نسلوں | فیلسوفوں | فلسفہ جاننے والے۔ دانشمندوں |
| پنسال ۔ پن سال | پانی نکلنے کے لیے بنا ہوا سوراخ | مارِ سرِ گنج | خزانے کا سانپ، دولت مند کنجوس |
| نیست و نابود | بالکل ختم کرنا۔ بنیاد مٹا دینا | اِستقلال | مستقل مزاج، مضبوط |
| حاشا و کلّا | خدا نہ کرے، ہرگز نہیں | پُرکھوں | آباو اجداد، باپ دادا۔ |

## جھوٹے آدمی

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| دروغ گو را حافظہ نہ باشد | جھوٹے آدمی کا حافظہ نہیں ہوتا، جھوٹے آدمی کو بات یاد نہیں رہتی | ملکاتِ نفسانی | نفس کی عادتیں |
| بنج بیپار | کاروبار، خرید و فروخت | متمکّن | جاگزین ہونا، قیام کرنا |
| قوائے عقلیہ | عقل کی قوتیں | مُلَمّع | سونا چاندی کا پانی چڑھا ہوا، دِکھاوا |
| کودن | احمق، نادان | قلعی کھُل جانا | حقیقت ظاہر ہونا |
| اختراع | نئی بات نکالنا | جنگِ زرگری | دکھاوے کی لڑائی، مصنوعی لڑائی |
| چسکا | مزا، عادت | صلحِ کُل | سب سے بنا کر رکھنے والا، سب سے دوستی کرنے والا |
| گوشمالی | کان کھینچنا، سزا دینا | نطق | گویائی، بولنے کی قوت |
| تعلّی | اپنی بڑائی بیان کرنا | کِذب | جھوٹ، دروغ |
| | | گھڑنا | اپنی طرف سے بات بنانا، |



## نظریۂ پاکستان

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| جداگانہ | الگ الگ | مساوات | برابری |
| ترویج | رواج دینا | پیہم | مسلسل |
| شیوہ | عادت | الحاد | بے دینی |
| رفیق | دوست | امتیاز | فرق |
| عناد | دشمنی | توانا | مضبوط |
| نفاق | پھوٹ/دشمنی | انتشار | بدنظمی |
| مفاہمت | راضی نامہ | جمعیت | اجتماع/اکٹھ |
| اُستوار | مضبوط | قیاس | خیال |

## پاکستانی قومیت کا مسئلہ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| نہج | ڈھنگ، طور، طریقہ | بُوجھ بجھارت | پہیلی بجھوانا |
| شرمندۂ تعبیر ہونا | جس کی کوئی تعبیر ہو، جس پر عمل ہو سکے | محرر | تحریر کرنے والا |
| حجت بازی | تکرار کرنا، جھگڑا کرنا | محمول کرنا | گمان کرنا، خیال کرنا |
| نسلی تعصب | قومیت کی بنیاد پر طرف داری | شیرازہ منتشر کرنا | انتظام درہم برہم کرنا |

## کچھ ادب کے بارے میں

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| مشاطگی | بنانا سنوارنا، حسین بنانا | آفرینش | پیدائش |
| تغیرات وانقلابات | تبدیلی | سوتا پھوٹنا | چشمہ جاری ہونا |
| مدوجزر | جوار بھاٹا، پانی کا اُتار چڑھاؤ | تلاطم | دریا/سمندر کی موجوں کا جوش |
| بادِسموم | بہت گرم ہوا، لُو | عالم آشکارا | دُنیا پر ظاہر ہونا، مشہور و معروف |
| صناعانہ | کاریگرانہ، ہنرمندی سے | افتادِ طبع | طبیعت کی اُٹھان |
| منغض | ناراض، رنجیدہ | نووارد | نیا آنے والا |
| شستگی | پاکیزگی، صفائی | | |

## لمحۂ فکریہ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| وطن عزیز | پیارا وطن مراد پاکستان | شرح | نرخ/ کھول کر کہنا |
| مالامال | دولت مند/ بھرا ہوا | معیار | اعلیٰ/ پیمانہ |
| متجاوز | اپنی حد سے بڑھنے والا | سکڑنا | تنگ ہونا |
| ڈیرے ڈالنا | رہائش کرلینا | منصوبہ ساز | منصوبہ بنانے والا |
| تحفظ | حفاظت | گامزن | چلنے والا |
| فقدان | نہ ہونا/ کمی | نجی | ذاتی |
| خواندگی | پڑھائی/ لکھنے پڑھنے کی قابلیت | رواداری | رکھ رکھاؤ |
| عوامل | عاملہ کی جمع، واقعات | اقدار | قدر کی جمع، عزت |



## داروغہ جی کی پانچوں گھی میں اور سر کڑاہی میں

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| در چوم کے | منت سماجت کرکے | راندے جانا | دھتکارنا |
| کھداوند | خُداوند | گُلام | غلام |
| اوّل مال | ایک نمبر مال، اعلیٰ درجے کا مال | اندھیر نگری چوپٹ راجا/راج | جہاں ظلم ہو وہاں حکومت ناکام ہوجاتی ہے۔ کوئی پوچھنے والا نہ ہو |
| گدے بازیاں | عقل دوڑانا، قیاس کرنا | بکھیڑا | جنجال، جھنجھٹ، مصیبت |
| کھری بتادو | یکمشت بتادو | گرج | یہاں مُراد غرض |
| کتر بیونت | کانٹ چھانٹ | لکھ لُٹ | لاکھوں روپے لُٹانے والا |
| پھٹکار | لعنت ملامت | کورنمک | نمک حرام |
| شیر مادر | ماں کا دودھ، جائز، حلال | ساجھا | شریک، شراکت |
| بھنگ | ایک نشہ آور بوٹی | دست پناہ | چمٹا |
| دوج | قمری مہینے کی دوسری تاریخ | ٹکر گدا | بھکاری |
| گیدی | بے عزت، بے غیرت | قرولی | شکاری چاقو |
| مردک | حقیر آدمی، ناکارہ | کچا چٹھا جڑنا | صحیح صحیح حال بتانا |
| اُلٹی آنتیں گلے پڑنا | نیکی کا بدلہ بدی میں ملنا | چہرہ شاہی | سرکاری سکہ جس پر بادشاہ کی تصویر ہو |
| بوہنی | دن کا پہلا سودا | رقم پیرنے | پیسے جمع کرنے/ اُٹھانے کے لیے |
| پرچہ جڑنا | خبر چھاپنا، تشہیر کرنا | کھپریل | کھپروں سے بنائی چھت |
| کائیاں | چالاک، مکار | نیاریا | چالاک، جزرس |
| ہتھے پر ٹوکنا | شروع میں روکنا | ٹیڑھی کھیر | مشکل کام |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہتھے چڑھنا | ہاتھ لگنا | چنیں و چناں | ایسا، ویسا |
| مطلب خبط ہونا | بات بے معنی ہونا | بیدھا | جادو کے اثر میں مبتلا شخص |
| بے تے کرنا | گڑبڑ کرنا، اِدھر اُدھر کرنا | سند نہیں | اجازت نہیں |
| تگڑم | تین افراد کا گٹھ جوڑ | پنجے جھاڑ کر | مکمل طور پر |
| چِت پٹ | ایک قسم کی شرط (toss) | صلواتیں سنانا | گالیاں دینا، بُرا بھلا کہنا |
| دھپائے گئے | تھپڑ مارے گئے | بے بھاؤ کی پڑنا | مار کھانا، بے عزت ہونا |
| گھانس نہیں چھیلا | بے کار | مردک خر | گدھے جیسا حقیر |
| آنکھیں نیلی کرنا | ناراض ہونا، غصے میں آنا | لام کاف بکنا | گالیاں بکنا |
| اظہار لینا | بیان لینا | مینڈھے لڑانا | فساد ڈلوانا |
| تا کے باشد | کب تک ایسا ہوگا | جھلے آدمی | چڑچڑے مزاج آدمی |
| لپاڈگی | جسمانی لڑائی، مار دھاڑ | کندے تول کے رہنا | اڑنے کے لیے پر تول کے رہ جانا |
| چیں چپڑ کرنا | جھگڑا کرنا، تکرار کرنا | ہوائیاں اُڑنا | پریشان ہو جانا |
| گاؤدی | احمق، نادان | نلوہ اُڑا لیے | بغیر محنت کے فائدہ اُٹھانا |
| موکھا | بڑا روشن دان یا سوراخ | اُسرار | سر کی جمع، بھید، راز |
| السیٹھ | دغا، فریب، بددیانتی | چھٹی کا دودھ یاد آنا | بہت شرمندہ ہونا، بہت مار کھانا |
| ازخرس موئے بس است | ریچھ سے بال ملنا بھی غنیمت ہے۔ کنجوس سے تھوڑا ملنا بھی بہت ہے | | |



## آنگن

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| چھکے چھوٹنا | گھبرا جانا، ہواس باختہ ہونا | مبہم | مشکوک، وہ جس کا مطلب صاف نہ ہو |
| آنگن | صحن | ڈھیلے | مٹی کے بڑے ٹکڑے |
| ٹھاٹ | آن بان، شان و شوکت | سوانگ رچانا | بھیس بدلنا، فریب دینا۔ |
| ممنونیت | احسان مندی | | |

## خوب صورت بلا

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| عداوت | دشمنی، کینہ، بغض | قیل وقال | بحث مباحثہ، تکرار |
| دست بستہ | ہاتھ باندھے، مودّب | جلال | رعب و دبدبہ |
| ہمدم | ساتھی، دوست | عروج مانند | بلندی کی نشانی |
| محافظ | حفاظت کرنے والا | سپہر | آسمان |
| چاکر | نوکر، غلام | دربان | دروازے پر پہرہ دینے والا |
| مگس راں | مکھیاں اُڑانے والا، پنکھا جھلنے والا | ثناخواں | تعریف بیان کرنے والا |
| بخت یاور | قسمت مددگار | سحاب | بادل |
| قلزم | گہرا سمندر | وقار | عزت، مرتبہ، بلند مقام |

| | | | |
|---|---|---|---|
| خدام | خادم کی جمع | بلائے ناگہانی | اچانک نازل ہونے والی مصیبت |
| ہیچ | بے حیثیت، حقیر | اژدر | اژدہا، بہت بڑا سانپ |
| طینت | فطرت، پختہ عادت | عصمت | پاکیزگی |

## تعلیم بالغاں

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| شکستہ | پُرانی، ٹوٹی پھوٹی | گھڑونچی | لکڑی کا چوکھٹا جس پر گھڑے رکھے جاتے ہیں |
| کُندہ | موٹی لکڑی کا ٹکڑا | دام اقبالہ | اس کا مرتبہ ہمیشہ بلند رہے |
| خورد و کلاں | چھوٹے بڑے | درگاہِ خداوندی | اللہ تعالیٰ کا دربار |
| جُھگی | جھونپڑی | قمچی | لچک دار ٹہنی/ چھڑی/ شاخ |
| از راہِ رحمت | رحمت کرتے ہوئے | بریلی | ہندوستان کا ایک شہر، جہاں کے بانس مشہور ہیں |
| جُملہ | تمام | ونگ (wing) | پر، طرف |
| گرانٹ (grant) | حکومت کی جانب سے دی جانے والی امداد | کوائف | کیفیت کی غلط جمع، صحیح جمع کیفیات |
| گرومندر | کراچی کا ایک علاقہ | بیڑی سوت گیا | بیڑی پی گیا |
| صدری | واسکٹ | | |

## شیراز اور کنارِ آبِ رُکناباد وغیرہ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| شیراز | ایران کا ایک قدیم شہر | رُکناباد | شیراز کی ایک سیرگاہ |
| داتنیں کا ٹنا | مسواک کی لکڑی کاٹنا | چشم | بہ سرو چشم، یعنی بہت اچھا |



| | | | |
|---|---|---|---|
| زخاکِ سعدی......... اگر بویم........... | سعدی شیرازی کے قبر کی مٹی سے عشق کی خوش بو آرہی ہے۔ اگر اس کے مرنے کے ہزار سال بعد بھی اسے سونگھو | کاریڈور | برآمدہ |
| زندہ است نام فرخ نوشیرواں | فرخ نوشیرواں کا نام زندہ ہے | قافلۂ دزدان برسرِ کوہے نشستہ بودند | چوروں کا قافلہ ایک پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھا تھا |
| کھڑاگ | جنجال، جھگڑا | داخلی رفاقت | دلی دوستی |
| نواح | مضافات، اردگرد کا علاقہ | پہنائی | کشادگی، وسعت |
| حافظ | حفظ کرنے والا، یہاں مراد فارسی کے مشہور شاعر حافظ شیرازی ہے | گلِ صد برگ | ایک پھول کا نام، سو پتیوں والا پھول |
| غنچۂ نوشگفتہ | تازہ کھلا ہوا پھول | وکیل الرعایہ | رعایہ کا وکیل، یہاں مراد رعایہ کا خادم |
| جمشید | ایران کا ایک بادشاہ | تومان | ایرانی سِکہ |
| منصور | منصور حلاّج | اناالحق | بے شک میں حق ہوں |
| گے | کتنے | کوس | تقریباً تین سو گز کا فاصلہ |
| دارا | ایران کا بادشاہ | یدھ | جنگ |
| پانی چوانے والا | پانی ٹپکانے والا | اے آمدنت باعث آبادیِ ما | آپ کا آنا میرے لیے خوشی کا باعث ہے |
| بنا | بنیاد | مسطح | ہموار |
| ٹھنٹھ | کٹا ہوا بازو، کٹا ہوا تنا | رفیع الشان | عظیم الشان |
| صد ستون محل | سو ستونوں پر قائم محل | مرتسم | نشان کیا گیا، مہر لگایا گیا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مادر چہ خیالیم | میں کس خیال میں ہوں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ | برادر بہ جان برابر | میری جان کے برابر میرا بھائی ہے۔ |
| خانہ زاد | غلام | حمال | بوجھ اُٹھانے والے (واحد حمالہ) |
| قربانت شوم | تیرے قربان جاؤں | | |

## روم زندہ شہر، مردہ شہر

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| اطالوی | اٹلی کا | لیپا پوتی | مل دینا، برش سے لگانا |
| قیلولہ | ستانا، دوپہر کا آرام | مزا کافور ہونا | مزا ختم ہو جانا |
| معنون | عنوان دیا گیا | قیصر | روم کے بادشاہوں کا لقب |
| بُقعۂ نور | منور مقام | رومتہ الکبریٰ | عظیم روم |
| تزئین | سجاوٹ، آرائش | کھنڈر | ویران عمارت، ویرانہ |
| امرائے عظام | عظیم بادشاہ | باندیاں | کنیزیں، لونڈیاں |

## لالچی وزیر (ترجمہ)

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| ریوڑ | بھیڑ بکریوں کا گلہ | ضعیف الاعتقاد | کمزور عقیدہ رکھنے والا |
| ہولیا | ساتھ ہو کر روانہ ہو گیا | گڈریا | بھیڑ بکریاں چرانے والا |
| گھٹنے تہہ کرنا | گھٹنے سمیٹ کر یا تہہ کر کے بیٹھنا | اسلوب | لکھنے کا انداز |
| دوزانو بیٹھنا | گھٹنوں کے بل بیٹھنا | لوک | روایتی |

## مکاتیبِ مرزا غالب

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| بیورا | خبر، اطلاع | طلائی لوح | سنہری تختی |
| ہاترس (Hathras) | ہندوستان کی ریاست اُتر پردیش کا ایک ضلع | مطبع | پریس (Press) |
| درنگ | دیر، توقف، تاخیر | زمزمہ پرواز | گیت گانے والا |
| منہائی | کم کرنا، گھٹانا | | |



| | | | |
|---|---|---|---|
| قلمرو | حکومت، سلطنت، ملک | مہاجن | سود کا کاروبار کرنے والے، مراد ہندو |
| مجتہد العصر | زمانے میں مانا ہوا اجتہاد کرنے والا | حکیم الملک | ملک میں مانا ہوا حکیم یا دانا |
| قطب الملک | ملک میں مانا ہوا نیک آدمی | یوسفِ ہند | ہندوستان میں سب سے خوب صورت آدمی |

## مکاتیبِ اقبالؒ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| مخدوم | جس کی خدمت کی جائے | نوازش نامہ | محبت نامہ، خط |
| علالت | بیماری، ناسازی | لسانی عصبیت | زبان کی طرفداری |
| دینی عصبیت | دین کی طرف داری | مستقر | ٹھکانا، مرکز، رہنے کی جگہ |
| رزم گاہ | میدانِ جنگ، عمل کی جگہ | پبلشنگ سنٹر | اشاعت کا مرکز |
| طباعت | چھپائی، پرنٹنگ | صحرائیوں | صحرا میں رہنے والے |
| ترددات | پریشانیاں | سبحان اللہ | اللہ کی ذات پاک ہے، تعریفی جملہ |
| معنی آفرینی | معنی نکالنا، مطلب پیدا کرنا | دم زدن | سانس لینے کی |
| دکھڑا | دکھ کی باتیں | متنفّس | سانس لینے والا، مراد انسان |
| مناصب | عہدہ، مرتبہ، منصب کی جمع | متاع | اثاثہ، جمع پونجی، مال |
| خانوادے | خاندان | مجدّد | تجدید کرنے والا، پرانے کو نیا کرنے والا |
| احیاء | حیات، زندگی، دنیا | احرار | حُر کی جمع، آزاد لوگ |
| مفقود | ختم، غائب | اضطراری | بے چینی |

## حمد

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| معراج | عظمت، بلندی | وجدان | دریافت، ذکاوت |
| صانع | کاریگر، خالق | خلّاق | تخلیق کرنے والا |
| نکہت | خوش بو | ترنّم | غنا، الاپ، نغمگی |
| گلبانگ | بلبل کی آواز، چہکنا، شادی کا شور | آیات | آیت کی جمع، نشانیاں |

## نعت

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| مفصّل | تفصیل | مجمل | مختصر، خلاصہ |
| ابد | آخر، دنیا کے خاتمے کا وقت | طُرّۂ دستار | پگڑی کا اوپری اور بلند حصہ |
| ازل | آغاز، جب دنیا وجود میں آئی | رُخِ انور | روشن چہرہ |
| راہِ عدم | دوسری دنیا کا راستہ | مشعل | بڑی شمع، بڑا چراغ دان |
| مدّاح | مدح/تعریف کرنے والا | مستانہ قصیدہ | سرشار کرنے والا قصیدہ |

## شہر آشوب

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| لیل و نہار | رات اور دن | موجدار | موجوں والا |
| خلق | لوگ، مخلوق | صراف/ جوہری | سونے کا کاروبار کرنیوالے |
| بنیے | آٹا دال بیچنے والے | سیٹھ | امیر، دولت مند |



| | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| ساہوکار | مہاجن، روپے کا کاروبار کرنے والے | بھجائیو | بھیجو |
| شرمسار | شرمندہ | نجیب | شریف، بزرگ |
| نابودگی | نہ ہونا | فرسودگی | پرانا پن، یہاں مراد پریشانی |
| بہبودگی | فائدہ، نفع | آسودگی | آرام، چین، امن و امان |
| کوڑی | سب سے چھوٹا سکہ، پیسا | رہ گزر | راستہ |
| مہر | محبت | | |

## شہزادے کا چھت پر سونا اور پری کے ہاتھوں اغوا ہونا

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| مہتاب | چاند | خلل | خرابی |
| قضارا | اتفاقاً، اچانک | سیمیں | چاندنی جیسا |
| رخسار | گال | منور | روشن |

## دُرِ مراد

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| شاہِ دین | دین کا بادشاہ مراد حضرت امام حسینؓ | فَرس | گھوڑا |
| خُلدِ بریں | جنت | کردگار | اللہ تعالیٰ |
| اوجِ زمین | زمین کی اونچائی | راہوار | تیز رفتار گھوڑا |
| نیرِ دیں | دین کا سورج | دُرِ مراد | مطلب کا موتی |
| طبقے | طبق کی جمع۔ زمین کا چھوٹا ٹکڑا | مشہدِ امام | حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا مقام |
| آبِ بقا | آبِ حیات | خیام | خیمے کی جمع |
| خوش نہاد | خوش اخلاق | کرم کارساز | اللہ تعالیٰ کا کرم |
| توشہ | سفر کے دوران مسافروں کا کھانا | ناخدا | ملاح، کشتی بان |
| زاد | راستے کا خرچ | شاہِ ارجمند | قدر و قیمت والا بادشاہ |

## تختِ فرس پر علی اکبرؓ کا خطاب

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| مہرِ مبین | روشن سورج | سُرعت | تیزی |
| لاہوت | فنافی اللہ کا مقام | ناسوت | عالم اجسام، دنیا، ظاہر |
| اسکندرِ دوراں | زمانے کا بادشاہ | یاقوت | سرخ رنگ کا ایک قیمتی پتھر |
| کاووں | گھوڑے کے قدموں سے بننے والا دائرہ | آب | چمک، روشن |

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| نیسان | بارش | خاصانِ خدا | اللہ کے خاص بندے |
| بندکشا/عقدہ کشا | گرہیں کھولنے والا، مشکلیں آسان کرنے والا | عمران | حضرت موسیٰ کے والد کا نام |
| آئینہ گر | آئینہ بنانے والا | پشہ | مچھر |
| ہُما | ایک خیالی پرندہ، کہا جاتا ہے کہ جس کے سر کے اوپر سے ہما گزر جائے وہ بادشاہ بن جاتا ہے | ہاروت و ماروت | وہ دو فرشتے جو بنی اسرائیل کی آزمائش کے لیے اللہ تعالیٰ نے بابل شہر میں بھیجے تھے۔ |

## اُمید

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| نہ دل بجھا | مایوس نہ کر | تگاپو | دوڑ دھوپ |
| پئے | واسطے، کے لیے | کئی/کے | ایران کے بادشاہان کا لقب |
| کنعان | حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ کا وطن | کلمبس/کولمبس (columbus) | ایک سیاح جس نے امریکہ دریافت کیا |
| دردِ پنہاں | چھپا ہوا درد | نظمِ جہاں | دنیا کا نظم و ضبط |
| محرم | رازدان | جوتا | جوتنے والا، ہل چلانے والا |
| سمیں | روشنی | موجزن | موجیں مارتا ہوا |

## نصیحتِ اخلاقی

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| ظہور | ظاہر ہونا | ہونہار | ہونے والا، جس میں لیاقت اور قابلیت کے آثار پائے جائیں۔ |
| پند | نصیحت | غیور | غیرت مند |
| عقیل | عقل مند | | |
| معین | مددگار | | |



## جلوۂ سحر

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| زادگانِ شب | رات کے پیدا کردہ | شرار | چنگاریاں، یہاں مراد ستارے |
| شرق | مشرق | فسوں گر | جادوگر |
| شہود | شاہد کی جمع، حاضر | نیاز | حاجت، آرزو |
| صنم کدہ | بت خانہ | سنکھ | ناقوس، بیل کی سینگ سے بنتا ہے |
| پجاری | پوجا کرنے والے | پریت | محبت |
| جوئبار | بڑی نہر، جس میں دوسری نہریں آ کر ملتی ہیں | رباب | ایک آلۂ موسیقی |

## پرانا کوٹ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| جاڑوں | سردیوں کا موسم | باوا آدم | حضرت آدم علیہ السلام یعنی کوٹوں کا باپ |
| نیلام | بولی بول کر بیچنے کا عمل | دہانِ زخم | منہ کے زخم |
| صلائے عام | عام دعوت | چینی انکھڑیوں | چینیوں کی چھوٹی آنکھیں |
| یارانِ نکتہ داں | عقل مند دوست | خراج | داد، تحسین |
| آزمودہ کار | آزمایا ہوا، تجربہ کار | ورق | صفحہ |
| واسکوڈی گاما | ایک پرتگالی جہاز راں | عبرت | سبق، نصیحت |
| جے بولنا | زندہ باد کہنا | | |

## یہ سڑکیں

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| زائد المیعاد | جس کا مقررہ وقت ختم ہو چکا ہو | گرداب | بھنور |
| مادر پدر آزاد | جن کا کوئی پرسانِ حال نہ ہو | بپھر کر | بے قابو ہو کر |
| صید | شکار | رستم و سہراب | ایران کے دو مشہور پہلوان |
| دمِ باران | بارش کا وقت | زہرہ آب | خوف زدہ |
| خار | کانٹے | ہر چہ بادا باد | جو ہوگا سو ہوگا |
| | | بہزادیاں | ایرانی مصور کمال الدین بہزاد کے فن پارے |
| | | چغتائیاں | لاہور کے مصور عبدالرحمٰن چغتائی کے فن پارے |

## قطعات

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| پناہ گزین | پناہ لینے والے، مہاجرین | شانِ بیداری | مستعد ہونے کی علامت |
| پردہ نشین | خواتین | غلاظت | گندگی |
| بھنگی | سویپر۔ جھاڑو دینے والا | محتسب | احتساب کرنے والا |
| جاروب کش | جھاڑو دینے والا | کمیٹی | میونسپل کمیٹی |

## اخلاص

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| ہم دوش | کندھے سے کندھا ملا ہو برابر | ثریا | ایک بلند ستارہ |
| اخلاص | خلوص، مہر، مروت، ہمدردی | یک جنبشِ گام | ایک قدم کی حرکت |
| دوام | دائمی، ہمیشہ | صیاد | شکاری |

## غزلیات میر تقی میرؔ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| صدا | آواز | غم گسار | غمگین، مغموم، غم اُٹھانے والا |
| دل اُٹھانا | منہ موڑنا، دلچسپی نہ لینا | آبِ گرم | گرم پانی، یہاں آنسو مراد ہے۔ |
| بے خود | غافل | جسمِ خاک | مٹی سے بنا بدن |
| جبیں | پیشانی | آلودہ | لتھڑا ہوا، گندہ |
| پرستش | عبادت، پوجا | ڈھونا | اٹھا کر لے جانا |
| پیری | بڑھاپا | آبِ حیات | ہمیشہ کی زندگی دینے والا پانی |

## خواجہ میر دردؔ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| صریحاً | واضح، صاف | مذکور | ذکر ہونا |
| مقدور | طاقت، قدرت | تئیں | تک |
| ناسور | پرانا اور لاعلاج زخم | محتسب | احتساب کرنے والا، قاضی |



## شیخ غلام ہمدانی مصحفی

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| ناگہ | اچانک | کف | ہتھیلی، جھاگ |
| گل اندام | پھول جسم والا، محبوب | لب بام | کوٹھے یا چھت کا کنارہ |
| شکست رنگ | رنگ اُڑ جانا | اسیر | قیدی |
| پُرخمار | نشیلی | قطع | ترکِ ملاقات، کاٹنا، چھوڑنا |

## مرزا غالبؔ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| دائم | ہمیشہ، مستقل | حرفِ مکرر | غلطی سے دوبارہ لکھا ہوا لفظ |
| لعل و زمرد | قیمتی اور خوش نما پتھر | بھرم کھلنا | راز کھلنا، اعتبار اُٹھنا |
| قدم بوسی | قدم چومنا، انتہائی احترام کا اظہار کرنا | طرۂ پُر پیچ و خم | خم دار بڑی پگڑی جو امارت کی نشانی سمجھی جاتی ہے |
| خستگی | زخمی ہونا، شکستہ حالی | تیغِ ستم | ظلموں کی تلوار |

## مرزا داغؔ دہلوی

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| کوئی دم | کچھ دیر کے لیے | کم نگاہی | کم نظری، کم فہمی |

# مؤلفین کا تعارف

۱) ڈاکٹر اظہار اللہ اظہار (پی ایچ ڈی اُردو):

۱۹۹۱ء میں پشاور یونیورسٹی سے ایم۔اے اُردو اور بعد ازاں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔اسلامیہ کالج یونیورسٹی پشاور کے شعبۂ اُردو میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور کی اُردو لازمی برائے جماعت نہم اور دہم کے مؤلف بھی رہے ہیں۔

۲) پروفیسر خالد صغیر زار:

۱۹۷۲ء میں جامعہ پشاور سے ایم۔اے اُردو درجہ اوّل میں پاس کیا۔۱۹۷۳ء سے محکمہ ہائیر ایجوکیشن کے تحت صوبے کے مختلف کالجوں میں درس وتدریس میں مصروف رہے۔ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور میں بھی اپنی خدمات بطور مؤلف انجام دیتے رہے۔آپ اُردو اختیاری گیارھویں اور بارھویں جماعت کی کتاب کے بھی مؤلف ہیں۔آج کل گورنمنٹ سپیریئر سائنس کالج پشاور میں ایسوسی ایٹ پروفیسر کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

۳) پروفیسر محمد جمال:

۱۹۸۹ء میں پشاور یونیورسٹی سے ایم۔اے اُردو میں نمایاں پوزیشن حاصل کی۔۱۹۹۰ء سے ایڈورڈز کالج پشاور میں درس وتدریس سے منسلک ہیں۔۲۰۰۰ء سے صدر شعبہ اُردو (ایڈورڈز کالج) کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

۴) ڈاکٹر جاوید بادشاہ (پی ایچ۔ڈی اُردو):

پشاور یونیورسٹی سے ۱۹۷۸ء میں ایم۔اے اُردو کیا اور اسی سال اسلامیہ کالج یونیورسٹی پشاور میں درس وتدریس سے منسلک ہو گئے۔پاکستان میں اور بیرون ملک اُردو کے حوالے سے منعقد ہونے والی کئی کانفرنسوں میں شریک ہو چکے ہیں۔

۵) ڈاکٹر طارق ہاشمی (پی ایچ ڈی اُردو):

آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے اُردو میں ایم۔اے اور پشاور یونیورسٹی سے پی ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ایڈورڈز کالج پشاور میں درس وتدریس سے منسلک رہے۔آج کل فیصل آباد یونیورسٹی میں پڑھا رہے ہیں۔ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور کی اُردو اختیاری جماعت گیارھویں اور بارھویں کتاب کے مؤلف بھی ہیں۔



مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں۔
پس اپنے دو بھائیوں میں صلح کرا دیا کرو
اور اللہ سے ڈرتے رہو
تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

(سورۃ الحجرات:۱۰)

جو حرام کھاتا ہے اس کی دُعائیں
قبول نہیں ہوتیں۔

(حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم)